04 دسمبر 2012ء

اسٹیٹ بینک اور بینک آف کوریا نے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کردیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے گورنر جناب یاسین انور اور بینک آف کوریا کے گورنر جناب چونگ سوکم نے آج سیول، کوریا میں دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان تعاون اور تکنیکی امداد سے متعلق مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ مفاہمت کی یادداشت پر دستخط صدر پاکستان جناب آصف علی زرداری کے جمہوریہ کوریا کے دورے کے موقعے پر کیے گئے۔

مفاہمت کی یادداشت میں کہا گیا ہے کہ دونوں مرکزی بینک اپنے تجربات کا تبادلہ کریں گے اور مرکزی بینکاری کے امور بشمول مانیٹری مینجمنٹ، پے منٹ اور سیٹلمنٹ سسٹم اور زرمبادلہ کے ریزرو مینجمنٹ کے حوالے سے تکنیکی امداد فراہم کریں گے۔ مفاہمت کی یادداشت میں دونوں مرکزی بینکوں کے درمیان باہمی دلچسپی کے تمام معاملات کے سلسلے میں قریبی تعاون کی بنیاد ڈالی گئی ہے۔ مفاہمت کی یادداشت دونوں ملکوں کے درمیان قریبی تعلقات کو مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

☆☆☆